سوال

(899)وتروں میں غیر مسنون دعاء

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاتہ

کیاآدمی وتروں میں دعاے قنوت ''اَللّٰهُمَّ اهدِنِي فِيمَن هَدَيتَ...'' کے بعد اور بھی کوئی دعا پڑھ سکتا ہے یا کہ نہیں؟ ایک عالم نے شبہ ڈال دیا ہے کہ اور دعا نہیں پڑھ سکتا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اَصلاً مَاثور دُعا پر اکتفا کرنا چاہیے، اور اگر کسی وقت بسببِ خاص مسنون دعاؤں کا اضافہ کرلیا جائے، تو بظاہر جواز ہے جس طرح کہ ''قنوتِ نازلہ'' میں حالات کے اعتبار سے دعاؤں کو اختیار کیا جا سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:753

محدث فتویٰ